احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کیلئے

پیر 12 فروری 2007ء

روزنامہ
الفضل

C.P.L 29-FD ٹیلی فون نمبر 047-6213029

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

پیر 12 فروری 2007ء 23 محرم 1428 ہجری 12 تبلیغ 1386 ہش جلد 57-92 نمبر 32

سورة الطور

حضرت جبیر بن مطعمؓ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو مغرب کی نماز میں سورۃ الطّور کی تلاوت کرتے ہوئے سنا۔

(صحیح بخاری کتاب الاذان باب القراءة فی المغرب حدیث نمبر723)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

قرآن شریف پر تدبر کرو اس میں سب کچھ ہے۔ نیکیوں اور بدیوں کی تفصیل ہے۔ اور آئندہ زمانے کی خبریں ہیں وغیرہ۔ بخوبی سمجھ لو کہ یہ وہ مذہب پیش کرتا ہے جس پر کوئی اعتراض نہیں ہوسکتا کیونکہ اس کے برکات اور ثمرات تازہ بہ تازہ ملتے ہیں۔ انجیل میں مذہب کو کامل طور پر بیان نہیں کیا گیا۔ اس کی تعلیم اس زمانے کے حسب حال ہوتو ہو، لیکن وہ ہمیشہ اور ہر حالت کے موافق ہرگز نہیں۔ یہ فخر قرآن مجید ہی کو ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس میں ہر مرض کا علاج بتایا ہے اور تمام قویٰ کی تربیت فرمائی ہے۔ اور جو بدی ظاہر کی ہے اس کے دور کرنے کا طریق بھی بتایا ہے۔ اس لئے قرآن مجید کی تلاوت کرتے رہو اور دعا کرتے رہو اور اپنے چال چلن کو اس کی تعلیم کے ماتحت رکھنے کی کوشش کرو۔

(ملفوظات جلد پنجم صفحہ 102)

قرآن شریف کو پڑھو اور خدا سے کبھی ناامید نہ ہو۔ مومن خدا سے کبھی مایوس نہیں ہوتا۔ یہ کافروں کی عادت میں داخل ہے کہ وہ خدا تعالیٰ سے مایوس ہو جاتے ہیں۔ ہمارا خدا علی کل شی قدیر خدا ہے۔ قرآن شریف کا ترجمہ بھی پڑھو اور نمازوں کو سنوار سنوار کر پڑھو اور اس کا مطلب بھی سمجھو۔ اپنی زبان میں بھی دعائیں کرلو۔ قرآن شریف کو ایک معمولی کتاب سمجھ کر نہ پڑھو بلکہ اس کو خدا تعالیٰ کا کلام سمجھ کر پڑھو۔

(ملفوظات جلد دوم صفحہ 191)

قرآن شریف اپنی روحانی خاصیت اور اپنی ذاتی روشنی سے اپنے سچے پیرو کو اپنی طرف کھینچتا ہے۔ اور اس کے دل کو منور کرتا ہے اور پھر بڑے بڑے نشان دکھلا کر خدا سے ایسے تعلقات مستحکم بخش دیتا ہے کہ وہ ایسی تلوار سے بھی ٹوٹ نہیں سکتے جو ٹکڑا ٹکڑا کرنا چاہتی ہے۔ وہ دل کی آنکھ کھولتا ہے اور گناہ کے گندے چشمہ کو بند کرتا ہے۔ اور خدا کے لذیذ مکالمہ مخاطبہ سے شرف بخشتا ہے اور علوم غیب عطا فرماتا ہے اور دعا قبول کرنے پر اپنے کلام سے اطلاع دیتا ہے۔

(چشمہ معرفت۔ روحانی خزائن جلد 23 صفحہ 308)

میں بار بار کہتا ہوں اور بلند آواز سے کہتا ہوں کہ قرآن اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے سچی محبت رکھنا اور سچی تابعداری اختیار کرنا انسان کو صاحب کرامات بنا دیتا ہے۔

(ضمیمہ انجام آتھم۔ روحانی خزائن جلد 11 صفحہ 345)

خلافت جوبلی دعائیہ پروگرام

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے صد سالہ خلافت جوبلی کی کامیابی کیلئے احباب جماعت کو نوافل روزوں اور دعاؤں کا پروگرام دیا ہوا ہے۔ احباب سے گزارش ہے کہ اس پروگرام کو پابندی سے جاری رکھیں اور ایک دوسرے کو بھی تلقین کرتے رہیں۔ اللہ تعالیٰ خلافت کے بابرکت سایہ کو ہمیشہ ہمارے سروں پر قائم رکھے۔ آمین

سپیشلسٹ ڈاکٹرز کی آمد

☆) مکرم ڈاکٹر عبدالرفیق سمیع صاحب ماہر امراض جلد
☆) مکرم ڈاکٹر عباس باجوہ صاحب آرتھوپیڈک سرجن
☆) مکرمہ ڈاکٹر آصفہ عباس باجوہ صاحبہ گائناکالوجسٹ

تینوں ڈاکٹر صاحبان مورخہ 18 فروری 2007ء کو فضل عمر ہسپتال میں مریضوں کے معائنہ کیلئے ہسپتال تشریف لائیں گے ضرورت منداحباب و خواتین ضروری معلومات کیلئے استقبالیہ سے رجوع فرمائیں۔ گائناکالوجسٹ کی پرچی حاصل کرنے کیلئے خواتین زبیدہ بانی ونگ کے استقبالیہ سے رابطہ کریں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

زمیندار متوجہ ہوں

مورخہ 20,19,18 فروری 2007ء کو بہاولپور میں گورنمنٹ کسان ویلفیئر ایسوسی ایشن IPM کے حوالہ سے ایک فارمر کانگریس کا اہتمام کررہی ہے جس میں فصل کو کیڑوں سے بچاؤ کے متعلق جدید معلومات دی جائیں گی۔

شرکت کے خواہشمند احمدی زمیندار جلد از جلد درج ذیل نمبروں پر رابطہ کریں تاکہ ان کے لئے دعوت نامہ بنوایا جاسکے۔

برائے رابطہ: مکرم چوہدری مظفر احمد صاحب

0300-9682643

062/2877535-2882565

فون: 047-6213773 فیکس: 047-6212398

E-mail:nstsaa@yahoo.com

(نظارت صنعت وتجارت)

عرفان کا سورج

قرآن زمانے کی ہدایت کے لئے ہے
اللہ کی عظمت کی شہادت کے لئے ہے

آیات ہیں عرفاں کا چمکتا ہوا سورج
ہر لفظ محمدؐ کی صداقت کیلئے ہے

رہ نیکی پہ چلنا ہو یا ٹلنا ہو بدی سے
ہر حکمِ خداوند اطاعت کیلئے ہے

جو صاحب ایمان ہے دیوانہ ہے اس کا
یہ باعث تزئین عبادت کے لئے ہے

ہم کتنے بھی ڈوبے ہوں غم و رنج و الم میں
قرآن دل و جاں کی سکینت کے لئے ہے

اک سحر ہے اعجاز ہے یہ پاک صحیفہ
جس گھر میں یا سینہ میں ہے برکت کے لئے ہے

کچھ رکھتے ہیں جُزدان میں بس اس کو سجا کر
وہ سوچتے ہیں صرف یہ زینت کیلئے ہے

لیکن جو عمل کرتے ہیں قرآن پہ عابدؔ
پروانہ یہ ان لوگوں کا جنت کے لئے ہے

مبارک احمد عابدؔ

اطلاعات واعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

تقریب آمین

مکرم ڈاکٹر ریاض احمد صاحب سیکرٹری مال کنجروڑ تحصیل شکرگڑھ ضلع نارووال تحریر کرتے ہیں کہ مورخہ 29 جنوری 2007ء کو احمدیہ بیت الذکر کنجروڑ میں خاکسار کے دو پوتوں عزیزم ضامد مصطفیٰ منصور اور عزیزم منیب احمد خان اور میرے ایک نواسے عزیزم شعیب احمد خان کی تقریب آمین منعقد ہوئی۔ مکرم محمد شفیع خالد صاحب مراقب خدام الاحمدیہ نے بچوں سے قرآن کریم کے بعض حصے سنے اور دعا کروائی۔ عزیز ضامد مصطفیٰ منصور ابن مکرم عبدالناصر منصور مربی سلسلہ محمد نگر لاہور، مکرم چوہدری فتح محمد صاحب گجراتی مرحوم درویش قادیان کا نواسہ ہے۔ عزیزم منیب احمد خان ابن مکرم ڈاکٹر عبدالکریم ظفر صاحب سیکرٹری نومبائعین ضلع نارووال، مکرم محمد ہارون خان صاحب رامبڑہ تحصیل شکرگڑھ ضلع نارووال کا نواسہ ہے اور عزیزم شعیب احمد خان ابن توصیف احمد خان صاحب قائد مجلس خدام الاحمدیہ رامبڑہ، مکرم ہارون خان صاحب آف رامبڑہ کا پوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو ہمیشہ قرآن کریم کی تعلیمات سے مستفیض فرمائے۔ آمین

ولادت

مکرم منصور احمد خان صاحب حلقہ محمد علی سوسائٹی کراچی تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کو اللہ تعالیٰ نے مورخہ 13۔اکتوبر 2006ء کو دوسری بیٹی سے نوازا ہے۔ بچی کا نام ''مناہل خان'' رکھا گیا ہے۔ نومولودہ مکرم خورشید احمد خان صاحب کی پوتی اور مکرم محمد عثمان خان صاحب ڈیفنس کراچی کی نواسی ہے۔ نیز مکرم انوار حسین خان آف شاہ آباد (یو۔پی)، مکرم محمد خان صاحب آف کپورتھلہ رفقاء حضرت مسیح موعود اور حضرت مولانا عبدالرحیم نیّر صاحب مربی سلسلہ افریقہ کی نسل سے ہے۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ خاکسار کی دونوں بیٹیوں کو صحت والی دراز زندگی عطا فرمائے اور نیک سیرت، خادمہ دین اور والدین کیلئے قرۃ العین بنائے اور خلافت احمدیہ کے ساتھ تمام عمر وابستہ رہنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

درخواست دعا

مکرم سید منظور احمد بخاری صاحب ربوہ تحریر کرتے ہیں کہ میرے والد محترم سید مودود احمد بخاری صاحب گلشن جامی کراچی ریڑھ کی ہڈی میں نقص کی وجہ سے ایک عرصہ سے بیمار ہیں چلنے پھرنے میں بھی شدید تکلیف ہے احباب سے درخواست ہے کہ خدا تعالیٰ جلد از جلد صحت کاملہ عطا فرمائے۔ آمین

سانحہ ارتحال

مکرم مسعود احمد طاہر صاحب صدر جماعت احمدیہ 96 گ۔ب ضلع فیصل آباد تحریر کرتے ہیں کہ ہماری جماعت کے ایک بزرگ مکرم مولوی علی محمد صاحب بعمر 90 سال مورخہ 26 جنوری 2007ء کو وفات پا گئے مرحوم پابند صوم وصلوٰۃ بلکہ تہجد اور اشراق کی نماز بھی ہمیشہ ادا کرنے والے تھے۔ قرآن مجید لفظی ترجمہ جاننے والے سرگرم داعی الی اللہ تھے۔ مرحوم چالیس سال تک بچوں کو قرآن مجید پڑھاتے رہے۔ مرحوم ایک لمبا عرصہ تک جماعت احمدیہ چک نمبر 96 گ۔ب صریح ضلع فیصل آباد کے سیکرٹری اصلاح وارشاد و سیکرٹری تعلیم القرآن رہے نیز 1984ء کے پرآشوب حالات میں کچھ عرصہ تک قائم مقام صدر جماعت بھی رہے۔ مرحوم انتہائی سادہ طبیعت کے انسان تھے لیکن مالی قربانی میں صف اول کے مجاہد تھے چندہ وصیت کی ادائیگی میں معمولی سے معمولی آمد کا بھی باقاعدگی سے حصہ ادا کرتے رہے۔ مرحوم موصی تھے اسی روز نماز عصر کے بعد محترم عطاء المنان قمر صاحب معلم وقف جدید نے ان کی نماز جنازہ پڑھائی بعد ازاں میت ربوہ لے جائی گئی مرحوم کا بیٹا اور بیٹی جرمنی اور لندن سے تشریف لائے اور مورخہ 28 جنوری کو صبح 10:30 بجے دفاتر صدر انجمن احمدیہ کے لان میں محترم راجہ نصیر احمد صاحب ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ نے نماز جنازہ پڑھائی اور بہشتی مقبرہ میں تدفین کے بعد مکرم ضمیر احمد صاحب ندیم مربی سلسلہ نے دعا کروائی۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کے درجات بلند کرے جملہ لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین

درخواست دعا

مکرم مرید احمد چوہدری صاحب دارالرحمت شرقی ب تحریر کرتے ہیں کہ مکرم محمد یحییٰ صاحب کلکٹر کسٹم کراچی صاحب فراش ہیں۔ ان کی مکمل صحت یابی کے لئے احباب جماعت سے درخواست دعا ہے۔

مکرم عبداللطیف صاحب سیکرٹری وقف جدید ناصر آباد غربی ربوہ تحریر کرتے ہیں کہ میری خوشدامن محترمہ حمیدہ بیگم صاحبہ بیوہ مکرم ڈاکٹر محمد اقبال صاحب کافی عرصہ سے دل کے عارضہ کی وجہ سے بیمار ہیں۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کو جلد از جلد صحت کاملہ عطا فرمائے۔ آمین

محترمہ ڈاکٹر عظمیٰ عامر صاحبہ لاہور ڈینگی بخار کی وجہ سے شدید بیمار ہیں احباب جماعت سے شفاء وکاملہ وعاجلہ کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

ابن کریم

امام کا خطبہ سننے کا خاص اہتمام کریں

تم بھی سنو وہ نغمہ جو گاتا ہے آسماں

ایک دن خطبہ سے کچھ دیر پہلے مجھے قریبی مارکیٹ میں بچوں کیلئے کچھ فوری ضرورت کی اشیاء لینے کی غرض سے جانا پڑا۔ وہاں اشیاء کی خریداری کے بعد میں نے دو دکاندار دوستوں کو خطبہ جمعہ سننے کی طرف توجہ دلائی یہ تو خیر میرا بیس سالہ تجربہ ہے جب بھی آپ کوئی مرکزی آواز پہنچائیں تو فوری طور پر سب سے پہلا انداز یہ ہوتا ہے کہ آنکھیں احترام اور ادب سے جھک جاتی ہیں پھر معذرت خواہانہ انداز میں کہا جاتا ہے کہ ہم ابھی یہ کام کرتے ہیں یا آئندہ کرنے کی کوشش کریں گے۔ بہرحال میں یہ بات اس لئے زیر بحث لا رہا ہوں کہ خدا تعالیٰ نے قرآن کریم میں یہ اہم نکتہ بیان فرمایا ہے کہ یاددہانی کرواؤ کیونکہ یاددہانی فائدہ دیتی ہے یہ صفات خدا کے فضل وکرم سے جماعت احمدیہ میں نمایاں پائی جاتی ہیں کہ یاددہانی کروانے والے کو بھی حجاب محسوس نہیں ہوتا اور جس کو یاددہانی کروائی جاتی ہے وہ بھی خوش دلی سے قبول کرتا ہے۔ یونہی سمجھ لیجئے آسمانی بارش زرخیز زمینوں پر طرح طرح کی خوشنما خوش رنگ اور ثمردار کھیتی اگاتی ہے۔

بہرحال میں نے جب خطبہ جمعہ کو سننے کی طرف توجہ دلائی وہیں بیٹھے ہوئے ایک نوجوان دوڑ کر میری طرف آئے اور کہا کہ شکریہ جو آپ نے ان کو توجہ دلائی تو مجھے بھی احساس ہوگیا۔ دراصل میں جب گھر سے نکلا خطبہ کے متعلق یاد تھا مگر اب ذہن سے محو ہوگیا تھا وہ نوجوان چونکہ سندھ سے آئے ہوئے تھے اور مجھے بڑی دیر بعد ملے تھے میرا ہاتھ پکڑ کر حال احوال میں مصروف ہوگئے میں نے ہاتھ چھڑاتے ہوئے کہا مجھے جانے دیں کیونکہ میرے خیال میں ادب کا تقاضا یہ ہے کہ حضور انور کی تشریف آوری سے پہلے ہمیں ٹی وی کے سامنے بیٹھا ہوا ہونا چاہئے اور حضور کے سلام کو بڑی محبت اور عقیدت سے سننا چاہئے اس سلام پر اگر غور کریں تو ہمارے بہت سارے مسائل اور تکالیف کا حل نظر آتا ہے بلکہ میرے خیال میں تو ہمارے خطوط کا جواب بھی مل جاتا ہے تم پر سلامتی ہو خدا کی رحمتیں اور اس کی برکات ہوں جسے خدا منصب امامت پر فائز فرمائے اس کے منہ سے یہ بابرکت الفاظ کتنی بڑی مقبولیت رکھتے ہیں اور پھر سورۃ فاتحہ اور قرآنی آیات کو اس درجہ محبت اور احترام سے سننا چاہئے کہ گویا وہ قبولیت کا لمحہ ہوتا ہے اور پھر یہ دیکھیں کہ سورہ فاتحہ میں کیا کیا دعائیں مانگی گئی ہیں۔ حمد باری تعالیٰ ہے اس کی محبوب ترین صفات رحمٰن اور رحیم کے حوالے سے عبادت میں استعانت کی دعائیں اور اھدنا الصراط...... میں چھپی یہ بات بھی نظر آتی ہے کہ امام کی زبان میں اھدنا کی دعا مانگی گئی ہے اگر ہم بھی پوری توجہ سے اور درد اور الحاح سے امام کی زبان سے ادا ہوتے یہ الفاظ مبارکہ سنیں تو کیا معلوم وہ قبولیت کی گھڑیاں ہوں اور ہمیں بھی ہدایت کے راستوں کی راہنمائی میسر آسکے اور انعام یافتہ گروہ میں ہم بھی شامل ہو جائیں اور پھر تکرار سے میں عرض کرتا ہوں کہ ہماری عاجزانہ دعاؤں کی قبولیت مرہون منت ہے اس بات کی کہ ہم امام کی اقتداء میں ان عظیم الشان دعاؤں کے وقت آمین کہیں۔ اس کے طفیل ہماری دوسری دعائیں بھی قبولیت کا درجہ پاتی ہیں۔ بہرحال ان ساری باتوں سے توجہ دلانا مقصود صرف یہ ہے کہ عموماً جو یہ تاثر پایا جاتا ہے کہ چلو خطبہ میں شامل ہو ہی جانا ہے جو اصل مغز اور روح ہے اس کی طرف بعض دفعہ عدم علم کی وجہ سے توجہ نہیں رہتی۔ رسول اکرم ﷺ نے جو اہمیت خطبہ کی بیان فرمائی ہے کہ اس کے دوران خاموش بھی نہیں کروانا چاہئے۔ پھر نماز جمعہ کیلئے آنے والوں کے جو فضائل اور برکات مختلف انعامات کی شکل میں بیان فرمائی ہیں ان پر اگر غور کیا جائے تو یہی بات سامنے آتی ہے کہ امام کے خطبہ کی اہمیت کو اجاگر کیا گیا ہے جیسا کہ فرمایا ہے کہ جو پہلی نداء کے وقت آتا ہے یہ فضیلت ہے اور جو دوسری نداء کے بعد آئے اس کو اتنا ثواب، تھوڑے سے غور کے بعد ہی یہ بات سمجھ آجاتی ہے کہ دراصل امام کے خطبہ کو جو کہ باقاعدہ انسٹیچیوشن کا درجہ رکھتا ہے اس کی اہمیت کو اجاگر کیا گیا ہے اور جب مزید بات کو گہرائی سے دیکھا جائے تو خدا تعالیٰ نے اسی متبرک نام کو مزید عظمت اور برکت دیتے ہوئے قرآن کی ایک سورۃ کا نام ہی جمعہ رکھ دیا اور پھر اس میں بھی اشارہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے من وعن قدم بقدم کھڑے ہونے والے کو صاحب علم کتاب ہی کے ذریعہ تزکیہ نفس اور علوم کی فراوانی ممکن ہوسکتی ہے اور یہ بھی فضل الٰہی کا معیار ٹھہرے گی۔ فضل ہی ہے جو اس کا اہل ہوگا اس کے سر پر سہرا ہوگا جس پر فضل ہوا اس کا کیا خوبصورت انداز ہے خود صاحب فضل بیان کرتے ہیں۔

گر نہ ہو تیری عنایت سب عبادت ہیچ ہے
فضل پر تیرے ہے سب جہد و عمل کا انحصار

اور اس فضل الٰہی کے وارث کے مقابل پر بیشک سواریوں پر لدے ہوئے کتابوں کے ڈھیر لئے ہوئے ہوں مگر پیٹھ اس کی طرف ہو تو آسمان کی زبان میں حمیر ہی کہلائیں گے یا رسول اللہ ﷺ کی وہ وعید کہ امام سے پہلے سجدہ کرنے والا گدھے کے سر والا کہلائے گا۔

اب جب اس انداز سے یہ باتیں من وعن پوری ہوتی نظر آرہی ہیں تو پھر خاص اہتمام سے ان کی طرف توجہ کیوں نہیں ہے۔ جناب مبارک عابد کیا خوب نقشہ کھینچتے ہیں۔

ہر کسی منڈیر پر اس نے تو دیپک رکھ دیئے
تم نے تو آنکھیں موند لیں تم کو نظر آیا

اور پھر منان ناہید صاحب تو اور خوبصورت نقشہ کھینچتے ہیں۔

تم بھی سنو وہ نغمہ جو گاتا ہے آسماں
چھوڑو زمیں کا گیت نہ سر ہے نہ تال ہے

اب جب اس طور پر یہ مضمون ادا کر رہا ہوں تو عبدالسلام اسلام کا ایک شعر بیان کرنے سے رک نہیں سکتا وہ کہتے ہیں۔

ابھرا ہے چاند جس کے تھے منتظر ستارے
وہ آگیا کہ جس کی رہ تک رہے تھے سارے
چھیڑا ہے اس نے آکر میٹھے سروں میں نغمہ
اترا کرشن ثانی ساگر بہا کنارے

اور اسی مضمون کو مزید اور انداز سے نکھرتا اور دل پر اثر انداز ہوتا ہوا کچھ اور انداز سے سنیں۔

لوگ آسماں پہ چاند اگر دیکھتے رہے
ہم بھی زمیں پہ اپنا قمر دیکھتے رہے
وہ آئے اور پھول بکھیرے چلے گئے
سب پیار کی نظر سے انہیں دیکھتے رہے

حضرت خلیفہ رابع فرماتے ہیں

یہ صدائے فقیرانہ حق آشنا پھیلتی جائے گی شش جہت میں سدا
تیری آواز اے دشمن بدنوا دو قدم دور دو تین پل جاے گی

اور قیصرانی کے انداز کو دیکھئے۔

وہ تو جب بولتے ہیں کون و مکاں بولتے ہیں
تم سنو ان کی جو اشکوں کی زباں بولتے ہیں

خلاصہ کلام یہ ہے کہ اس آسمانی نور اور روشنی کے قریب ہوتے چلے جائیں اور آسمانی آواز پر محبت اور دل گرفتگی کے ساتھ پیوند مضبوط کرتے چلے جائیں اور عمل پیرا ہوتے چلے جائیں تو یقیناً اس آسمانی خوشخبری کے مصداق بنیں گے۔

صدق سے میری طرف آؤ اسی میں خیر ہے
ہیں درندے ہر طرف میں عافیت کا ہوں حصار

پتہ نہیں کیوں میں جب بھی اس مضمون پر غور کرتا ہوں اور سوچتا ہوں تو وہ بڑا ہی مشہور واقعہ جو کہ سیرت حضرت مسیح موعود میں بارہا دھرایا اور پڑھا جاتا ہے سامنے آجاتا ہے۔

غالباً سیالکوٹ کا واقعہ ہے کہ ایک کمرہ میں جہاں اور بھی چند ساتھی سوئے ہوئے تھے رات کو کڑیوں کی آہٹ کی وجہ سے آپ نے محسوس کیا کہ چھت گرنے والی ہے زبردستی اور بڑے اصرار سے ساتھ والوں کو اٹھایا۔ جب سب ساتھیوں کو یکے بعد دیگرے بار بار اصرار کر کے باہر نکالا اور جونہی آپ نے اپنا پاؤں اٹھایا چھت دھڑام سے گر گئی۔

میرے دوستو! عزیزو! حضرت مسیح موعود کے قدم بقدم چلنے والا امام خدا نے ہمیں دیا ہے اس کا قدم گھر میں پڑنے دیں بڑی بڑی مصیبتوں سے بچے رہیں گے۔ اور بلاشبہ یہ امن کی راہ ہے۔ سلامتی کا دروازہ ہے ایسے ہی امور کی نشان دہی پیارے آقا ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کس خوبصورت انداز میں فرما رہے ہیں۔

’’اللہ کا یہ بہت بڑا احسان ہے احمدیوں پر...... اس زمانہ میں مسیح موعود اور مہدی کی جماعت میں شامل ہونے کی بھی اس نے سعادت عطا فرمائی۔ جس میں ایک نظام قائم ہے۔ ایک نظام خلافت قائم ہے ایک مضبوط کڑا آپ کے ہاتھ میں ہے جس کا ٹوٹنا ممکن نہیں۔ لیکن یاد رکھیں کہ یہ کڑا تو ٹوٹنے والا نہیں لیکن اگر آپ نے اپنے ہاتھ ذرا ڈھیلے کئے تو آپ کے ٹوٹنے کے امکان پیدا ہوسکتے ہیں اللہ تعالیٰ ہر ایک کو اس سے بچائے۔ اس لئے اس حکم کو ہمیشہ یاد رکھیں کہ اللہ تعالیٰ کی رسی کو مضبوطی سے پکڑے رکھو۔‘‘

(خطبات مسرور جلد اول صفحہ 255)

مہمان نوازی

محمد حیات صاحب ادرحمہ بیان کرتے ہیں۔

حضرت مولوی شیر علی صاحب جماعت احمدیہ ادرحمہ پر ابتداء ہی سے بہت مہربان تھے۔ ایک ایک فرد کو اپنا رشتہ دار سمجھتے اور عجیب در عجیب طریق سے اپنی شفقت ومہربانی کا اظہار فرماتے تھے۔ جماعت احمدیہ ادرحمہ کو بھی اس امتیازی سلوک پر ناز تھا اور اسے اپنی خوش بختی تصور کرتی تھی کہ اسے حضرت مولوی صاحب جیسی بزرگ ہستی کی سرپرستی اور نگرانی حاصل ہے۔ آپ گو شادی کے کچھ عرصہ بعد ہی قادیان آکر آباد ہو گئے تھے۔ لیکن کبھی کبھی جب اپنے وطن ’’ادرحمہ‘‘ تشریف لاتے۔ تو ہر ایک سے مل کر اس کی خیریت دریافت فرماتے۔ اور ہر ممکن امداد بہم پہنچاتے۔ ہر شخص خیال کرتا تھا کہ آپ کو میرے ساتھ خاص انس ہے۔ جلسہ سالانہ کے موقع پر ہر سال جماعت ’’ادرحمہ‘‘ کے تمام افراد کو اپنے مکان میں ٹھہراتے۔ جاڑے کے موسم میں ساٹھ ستر افراد کے واسطے بستر مہیا کرنا کوئی معمولی کام نہ تھا۔ لیکن اپنے رواج کے مطابق نہایت خندہ پیشانی سے سالہا سال تک اس بار کو اٹھاتے رہے۔ علاوہ ازیں کھانے سے پیشتر جو حسب معمول حضرت مسیح موعود کے لنگر سے آتا تھا۔ آپ صبح کے وقت سب کو لسی وغیرہ سے ناشتہ کراتے۔ اور ہماری چھوٹی سے چھوٹی ضروریات دریافت فرمانے کے لئے بار بار تشریف لاتے۔ اگر کوئی بیمار ہو جاتا۔ تو آپ خود اس کو نور ہسپتال لے جاتے۔ اور ڈاکٹر صاحب سے اپنی موجودگی میں اس کے لئے نسخہ تجویز کراتے۔ اگر فرصت نہ ہوتی۔ تو ڈاکٹر صاحب کے نام خاص توجہ کے لئے رقعہ لکھ دیتے اور تھوڑے تھوڑے وقفہ کے بعد خیریت دریافت فرماتے رہتے پرہیزی کھانا اور دودھ وغیرہ کا بھی گھر سے ہی انتظام کر دیا جاتا تھا۔ الغرض آپ اپنی طرف سے مہمان نوازی میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھتے تھے۔ (سیرت شیر علی ص 170)

محمد داؤد مجوکہ صاحب

قدیم اسلامی روایات کی ثقاہت: ایک حسابی تجزیہ

اسلامی مذہبی روایات کی چار اقسام ہیں۔

قرآن کریم،

حدیث جن میں آسانی کی خاطر آثار یعنی ایسی روایات کو بھی شامل کرلیا جاتا ہے جوکہ آنحضرت ﷺ سے نہیں بلکہ صحابہؓ سے مروی ہیں،

فقہ مغازی یعنی قدیم اسلامی جنگوں بالخصوص غزوات النبی ﷺ کے حالات۔

آغاز اسلام اور ابتدائی مسلمانوں کے حالات اور ان کی مذہبی، تمدنی وسیاسی زندگی کے متعلق ہمارا تمام علم انہی چار اقسام کی روایات پر مبنی ہے۔ پس اس علم اور اس سے اخذ کردہ نتائج کا تمام دارومدار ان روایات کی ثقاہت یعنی ان کی درستگی اور ان کے محفوظ طور پر ہم تک پہنچنے پر ہے۔ ان چاروں اقسام کی روایات کی ثقاہت کے متعلق مسلمانوں کے خیالات کو مختصر یوں بیان کیا جاسکتا ہے کہ قرآن کریم اپنی اصلی صورت میں تمام تر کامل صحت کے ساتھ ہم تک پہنچا ہے۔ حضرت عثمان غنیؓ نے قرآن کریم کے نسخے تیار کروائے اور اسے تمام ممالک اسلامی میں پھیلا دیا نیز غیر ثقہ مصاحف کوتلف کروا دیا۔ حدیث گوکہ کامل صحت کے ساتھ نہیں مگر بہت حد تک صحیح حالت میں ہم تک پہنچی ہیں۔ محدثین نے جس جانفشانی کے ساتھ احادیث کو جمع کیا اور پھر ان کی ثقاہت کو قائم رکھنے کی خاطر راویوں کے طبقات اور اسماء الرجال کے جو اصول بنائے وہ احادیث کی سلامتی کے بڑے گواہ ہیں۔ صحاح ستہ، ان میں سے شیخین اور پھر ان میں سے صحیح بخاری احادیث کی مستند ترین کتاب مانی جاتی ہیں۔ فقہ کے متعلق یہ خیال کیا جاتا ہے کہ آغاز اسلام ہی سے فقہی مسائل پر غور وفکر کا سلسلہ شروع ہوگیا تھا۔ خود قرآن کریم میں بھی تفقه فی الدین کا حکم موجود ہے اور روایات کے مطابق صحابہ کا فقہی مسائل میں ایک دوسرے کے ساتھ بحث کرنا خود آنحضرت ﷺ کی زندگی ہی میں ثابت ہے۔ بعد میں ازواج النبی ﷺ سے مسائل دریافت کرنا اور حضرت ابن عباسؓ، ابن عمرؓ، ابن مسعودؓ، سعید بن مسیّب، عطاء، عکرمہ، مجاہد، ابن جریج، سفیان ثوری، امام مالک کا فتویٰ دینا کثرت سے مروی ہے اور یہ سلسلہ امام مالک کی ''موطا'' اور امام شافعی کے ''الرسالہ'' تک مسلسل جاری ہے۔ پس اس کی ثقاہت میں بھی کوئی شک وشبہ نہیں۔ مغازی کی صورت حال بھی قریباً ایسی ہی ہے، مغازی میں ابن اسحٰق کی سیرت جو ابن ہشام نے ہمارے لئے محفوظ کی اسی طرح بلاذری کی فتوح البلدان اور واقدی کی کتاب المغازی بہت مشہور ہیں۔

اسلامی تاریخ وروایات کے مآخذ کے متعلق ان خیالات کو مستشرقین نے بھی کم وبیش اپنا لیا تھا۔ لیکن انیسویں صدی میں پہلی دفعہ اسلام پر ایک نئے انداز کے حملے کا آغاز ہوا۔ اس کا لب لباب یہ تھا کہ اسلامی روایات درحقیقت سرے سے ہی غلط اور کم وبیش تمام تر وضعی ہیں۔ گوکہ جارج سیل، نولڈیکے وغیرہ مستشرقین اسلامی روایات کومن وعن قبول کرنے سے انکار کر چکے تھے لیکن سب سے پہلے اس حملے کو مضبوط علمی بنیاد مشہور ہنگیرین عالم اگناتس گولڈ سیہر نے 1888ء میں فراہم کی (Ignaz Goldziher, Die Entwicklung des Hadith: Muhammedanische Studien) اس نے اپنی متعدد کتب اور مقالہ جات میں اسلامی روایات کی اسناد میں ایک تدریجی عمل کے وجود کو ثابت کیا۔ اور یہ دعویٰ کیا کہ احادیث کی اسناد جعلی طور پر قدیم ائمہ تک پہنچا کر ان کو ایک مضبوط بنیاد فراہم کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ اس سلسلہ میں انہوں نے خود مسلمان علماء کی احادیث کے متعلق تنقید کو بھی استعمال کیا۔ مختلف سیاسی دھڑوں اور فرقوں کی جانب سے اپنے اپنے حق میں احادیث گھڑنے کو پیش کر کے کہا کہ اکثر احادیث اسی طرح وضع کی گئی ہیں۔ ان کے مطابق اسلامی فقہ کی بنیاد آغاز میں قرآن وحدیث پر نہیں بلکہ ذاتی رائے پر تھی۔ چنانچہ انہوں نے (Die Zahiriten) 1884ء میں یہ خیال پیش کیا کہ آغاز اسلام میں مختلف جگہوں پر مقامی قوانین اور رواج پر عمل کیا جاتا تھا اور بعد میں اسے تقویت دینے کیلئے احادیث گھڑی گئیں اور اس طرح مروجہ عمل کو آنحضرت ﷺ کی سنت قرار دے دیا گیا۔ موطا ان کے خیال میں امام مالک کے زمانے میں مستعمل فقہ کی آئینہ دار ہے نہ کہ آغاز اسلام کی۔

گولڈ سیہر کی تھیوری کو آگے بڑھاتے ہوئے انگلستان کے جوزف شاخت نے 1950ء میں اسلامی فقہی روایات پر اپنی مشہور زمانہ کتاب لکھی (Joseph Schacht, Origins of Islamic Jurisprudence) اس نے کہا کہ امام شافعی کے ''الرسالہ'' کا مقصد ہی یہ تھا کہ اسلامی فقہ میں حدیث کو مرکزی مقام دیا جائے۔ امام شافعی کے مقابل پر جو لوگ تھے وہ اپنے حق میں دلائل حدیث سے نہیں بلکہ دوسرے علماء وتابعین کے حوالے سے دیتے تھے۔ اس سے یہ نتیجہ نکالا کہ امام صاحب کے وقت سے اسلامی روایات کو پہلے تابعین تک اور پھر صحابہ تک اور آخرکار خود آنحضرت ﷺ تک پہنچانے کا سلسلہ شروع ہوا۔ یعنی آغاز میں ائمہ کے فیصلے کافی سمجھے گئے، پھر جب ان پر اعتراضات ہوئے اور مختلف مکاتب فکر کا آپس میں ٹکراؤ ہوا تو اپنے اپنے نقطہ نظر کو تقویت پہنچانے کیلئے کہا گیا کہ یہ فیصلہ تو فلاں مشہور عالم نے بھی کیا ہوا ہے۔ معاملہ مزید بڑھنے پر صحابہ اور آخرکار آنحضرت ﷺ کو اپنے اپنے موقف کے حق میں پیش کیا گیا اور اس کیلئے جعلی روایات گھڑنے سے بھی دریغ نہیں کیا گیا۔ ان کے خیال میں آنحضرت ﷺ سے مروی قدیم ترین فقہی روایات دوسری صدی میں منظر عام پر آئیں۔ اولاً شاخت اور ان کے بعد جوئنبول (Juynboll: Muslim Tradition) نے 1983ء میں کامن لنک کی تھیوری بھی پیش کی۔ یعنی روایات کا سلسلہ آنحضرت ﷺ سے شروع ہو کر عموماً تابعین یا تبع تابعین تک بہت محدود ہوتا ہے۔ اس کے بعد ایک ہی راوی سے بہت سے لوگ روایت کرتے ہیں۔ تھیوری کے مطابق قدیم ترین مشترک راوی کامن لنک کہلاتا ہے اور وہی حدیث کو گھڑنے کا ذمہ دار ہوتا ہے۔ گولڈ سیہر سے پہلے الفریڈ فون کریمر (Alfredvon Kremer: Die Culturegeschichte des Orients Unter Chalifen) نے 1875ء ہی میں حضرت عائشہؓ اور ابن عباسؓ پر آنحضرت ﷺ کے متعلق افسانوی احادیث وضع کرنے کا ناپاک الزام لگایا تھا۔ ان کے خیال میں حدیث کو تنقیدی نظر سے دیکھنے کا کام امام مالک بن انس سے شروع ہوا۔ لیکن حدیث گھڑنے کا عمل پھر بھی جاری رہا اور وقت کے ساتھ ساتھ کتب حدیث کا حجم بڑھتا ہی گیا۔ خصوصاً کوفہ میں جعلی احادیث کثرت سے بنائی گئیں۔ شاخت کی تھیوری کو روبسن (J Robson) جیفری (Arthur Jeffery) پاریٹ (Rudi Parett) واٹ (Montgomery watt) وغیرہ مشہور مستشرقین نے بلاکم وکاست قبول کرلیا۔

یہی صورت حال تفسیر کے متعلق روایات کی بھی بتائی گئی۔ گولڈ سیہر (Die Richtungen der Islamischen Koranauslegung) نے 1920ء میں اور انگلستان سے جون وانسبرو (John Wansbrough: Quranic Studies) نے 1977ء میں تفسیر میں بھی تدریجی ترقی کی طرف توجہ دلائی۔ وانسبرو کے مطابق اکثر تفسیری روایات سن 200 ہجری کے بعد کی ہیں۔ اسماء الرجال پر مسلمانوں کو بجا طور پر بڑا ناز تھا کیونکہ اس کثرت کے ساتھ اور ایسی تفصیل میں جاکر کسی قوم نے اپنے راویوں کے حالات جمع نہ کئے تھے۔ مستشرقین نے اسماء الرجال کی کتب کو بھی اس دلیل کے ساتھ غیر مستند قرار دے دیا کہ یہ کتب حدیث اور تفسیر وغیرہ کی کتب کے بہت بعد تصنیف کی گئی ہیں اور ان میں شائد ہی کوئی بات کتب حدیث سے آزادانہ طور پر درج کی گئی ہے۔ عموماً رجال والوں نے جب دیکھا کہ ایک شخص کتب حدیث میں کثرت کے ساتھ ایک راوی سے حدیث بیان کرتا ہے مثلاً زہری عروہ سے، تو اس کے متعلق لکھ دیا کہ وہ ان کا شاگرد تھا وغیرہ۔ پس رجال کی کتب احادیث پر مبنی ہونے کی بنا پر ایک آزادانہ ماخذ کا کام نہیں دے سکتیں۔

بیسویں صدی کے نصف تک صرف قرآن کریم ہی وہ واحد ماخذ رہ گیا تھا جس پر بہت سے مستشرقین ایک حد تک بھروسہ کرتے تھے۔ لیکن اس کے متعلق بھی اعتراضات کا سلسلہ جاری تھا۔ برطانیہ کے جارج سیل (George Sale) اور اس کے بعد جرمنی کے نولڈیکے نے قرآن کریم کے محفوظ ہونے کے متعلق اپنے تحفظات کا اظہار کردیا تھا۔ لیکن سیل کی غیر سنجیدگی اور نولڈیکے کی احتیاط پسندی کے باعث کھلے بندوں قرآن کو غیر محفوظ کہنے کی جرأت ابھی تک کسی کو نہ ہوئی تھی۔ اس اثناء میں برطانیہ سے جون برٹن (John Burton: The collection of the Quran) نے 1977ء میں ناسخ ومنسوخ کے عقیدہ پر ایک جائزہ پیش کیا۔ جس میں نسخ التلاوۃ دون الآیہ، نسخ الآیہ دون التلاوۃ اور نسخ الآیہ والتلاوۃ کو اسلامی روایات کی روشنی میں پیش کیا۔ اس جائزہ کی بنا پر وانسبرو اور بعض دوسرے مصنفین نے قرآن کے غیر محفوظ ہونے کا کھل کر اظہار کرنا شروع کردیا۔ وانسبرو نے قرآن کریم کی موجودہ شکل میں تصنیف دوسری صدی ہجری کے آخر میں رکھی۔ اس معاملہ میں پڑیشیا کرون اور مائیکل کوک (Patricia Cook: Hagarism) نے 1977ء میں وانسبرو کی تصدیق کی اور تمام تر اسلامی روایات کے دوسری اور تیسری صدی ہجری سے ہونے کا دعویٰ کیا۔

حضرت مسیح موعود نے قرآن، سنت اور حدیث کو شریعت حقہ کے مآخذ کے طور پر پیش کیا اور ناقابل تردید دلائل اور ثبوت فراہم کئے۔

مسلمانوں کی طرف سے جن علماء نے اس سلسلہ میں دفاع کی کوشش کی اب ان کا کچھ ذکر کیا جاتا ہے۔ گولڈ سیہر نے 1888ء میں یہ کہہ دیا تھا کہ آنحضرت ﷺ کی وفات کے بعد ہی سے اسلامی روایات تحریری طور پر محفوظ ہونا شروع ہوگئی تھیں۔ اس خیال کو ترکی عالم فواد سزگین نے اپنے شہرہ آفاق کارنامہ (Fuat Sezgin: Geschichte des Arabischen Schrifttums) میں 1967ء میں بڑے زور کے ساتھ پیش کیا۔ ان کی تھیوری کے مطابق آغاز میں صحابہ ہی نے احادیث کو لکھنا شروع کر دیا تھا۔ اس مرحلے کو وہ ''کتابت حدیث'' کہتے ہیں۔ اس کے بعد پہلی صدی کے آخر اور دوسری صدی کے آغاز میں ان نوٹوں کو ''صحیفوں'' میں جمع کیا گیا جسے وہ ''تدوین حدیث'' کہتے ہیں۔ آخری مرحلہ میں یہ احادیث مضامین کے اعتبار سے 125 ہجری سے ''مصنفات'' میں ترتیب دی گئیں اس کو وہ ''تصنیف حدیث'' کہتے ہیں۔ ان کے خیال میں آغاز ہی سے اساتذہ اپنے شاگردوں کو تحریری طور پر احادیث کی روایت کی ''اجازۃ'' دیا کرتے تھے گو کہ تحریری روایت عام نہ تھی۔ زسگین نے ان روایات سے جن میں حدیث کو لکھنے سے منع کیا گیا ہے یا اس سے کراہت ظاہر کی گئی ہے درست طور پر یہ نتیجہ نکالا کہ

حدیث لکھنے کا رواج عام ہو رہا تھا اسی لئے اس کو روکنے کی کوشش کی گئی۔ ان کے مطابق اسناد صرف زبانی روایت کی طرف اشارہ نہیں کرتیں بلکہ کتب اور صحیفوں کو نقل کرنے کی اجازت کی غماز ہیں۔ زسگین کے بعد صدیقی (M Z Siddiqi: Haidth Literature) نے 1961ء میں اپنی کتاب شائع کی جس کا اکثر حصہ 1936ء سے پہلے لکھا ہوا ہے۔ حمیداللہ M Hamidullah: Sahifat Hamman ibn Munabbih نے 1979ء میں اور ان کے بعد نابیہ ابوت (Nabia Abbott) صاحبہ نے 1983ء میں اور اعظمی MM (Azami: On Schachts Origins of Muhammadan Jurisprudence) نے 1985ء میں شاخت کا جواب دیا۔ انہوں نے شاخت کے طریق تحقیق پر سخت تنقید کی اور اس کی تھیوری میں خلل ڈال دیئے۔ اس ضمن میں ایک اور کام جو انہوں نے شاخت کی تھیوری کو غلط ثابت کرنے کیلئے کیا وہ یہ تھا کہ اسلامی کتب خانوں کی چھان پھٹک شروع کی اور ڈاکٹر حمید اللہ نے ہمام بن منبہ (متوفی 101 ہجری) کا صحیفہ اور زسگین نے معمر بن راشد (متوفی 153 ہجری) کی جامع کھود نکالی، اعظمی نے نافع، زہری اور سہیل کے صحیفے شائع کئے اور نابیہ ابوت نے زہری کے مجموعہ احادیث کا ایک حصہ اور چند قدیم مخطوطے شائع کئے۔ اس طرح شاخت کی تھیوری کے خلاف گویا تحریری ثبوت پیش کر دیئے کہ 200 ہجری سے قبل احادیث تحریری طور پر کتابوں اور صحیفوں کی شکل میں موجود تھیں۔ پاکستان میں فضل الرحمٰن Fazalur Rahman: Islamic methodology in history نے 1965ء میں اور ان کے شاگرد احمد حسن (Ahmad Hassan: The early development of Islamic Jurisprudence) نے 1970ء میں شاخت کو کلیتاً غلط قرار دینے کی بجائے ایک درمیانی راہ تلاش کرنے کی کوشش کی۔

اس دوران غیر مسلموں میں سے جرمن فیوکس (J W Fucks) گریف (Erwin Graf) اور گیو لام (Alfred Guillaume) نے بھی شاخت پر سخت تنقید کی اور اس کی تھیوری کو ناقص قرار دیا۔ لیکن یہ سب باتیں شاخت کی تھیوری کو گرانے میں کامیاب نہ ہوسکیں کیونکہ یہ قدیم مخطوطات خود جعلی ہونے کے الزام کے نیچے آ گئے اور شاخت کی مدافعت کرنے والوں نے اس تھیوری کو کچھ ہلکا کر کے اسے تنقید کی زد سے ایک حد تک بچا لیا۔ نتیجتاً مستشرقین کی اکثریت اور خود مسلمان علماء کی ایک تعداد نے اسلامی فقہی روایات اور حدیث کا بالعموم وضعی ہونا تسلیم کر لیا۔

اس کے بعد ایک جرمن عالم ہارالڈ موٹسکی Harald Motzki: Die Anfange (Der Islamischen Jurisprudenz) نے 1991ء میں اسلامی فقہی روایات پر اپنی تحقیق شائع کی جو کہ شاخت کی تھیوری کیلئے کاری وار ثابت ہوئی۔ موٹسکی نے اپنی تحقیق کی بنیاد اعظمی کے شائع کردہ مصنف عبدالرزاق بن ہمام (متوفی 211 ہجری) پر رکھی۔ عام رائج طریقوں کے برخلاف جن کے متعلق علماء مختلف قسم کے دلائل پیش کر سکتے ہیں، انہوں نے اپنی تحقیق علم الحساب کی ایک شاخ پر رکھی۔ یہ تصنیف اسلامی روایات کی ثقاہت کے اثبات کے دلائل میں ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتی ہے۔ ان کے دلائل کچھ یوں ہیں:۔

اول تو یہ ثابت کرنا ہے کہ اس مصنف میں درج روایات واقعی عبدالرزاق نے ان لوگوں سے حاصل کی ہیں جن کا وہ نام پیش کرتے ہیں یا یہ کہ انہوں نے ان کو خود ہی گھڑ لیا ہے؟ اس کیلئے انہوں نے ایک حسابی تجزیہ کیا۔ اس کتاب میں درج شدہ احادیث کا 90 فیصد حصہ چار اشخاص سے مروی ہے، معمر بن راشد (متوفی 153ھ) ابن جریج (متوفی 150ھ) سفیان ثوری (متوفی 161ھ) اور سفیان بن عیینہ (متوفی 198ھ) کتاب میں سے 3810 روایت کے تجزیہ پر یہ صورتحال سامنے آئی۔

راوی	تناسب
1۔معمر بن راشد	32
2۔ابن جریج	29
3۔سفیان ثوری	24
4۔ابن عیینہ	4
5۔90راوی	13

اسی طرح انہوں نے تجزیہ کیا اور بتایا کہ عبدالرزاق کبھی تو ایک راوی سے براہ راست روایت کرتے ہیں مثلاً ابن جریج سے اور بعض دفعہ ابن جریج سے براستہ سفیان ثوری روایت کرتے ہیں۔ اگر انہوں نے خود ہی یہ روایات گھڑی تھیں تو ایسا کرنے کی کیا ضرورت تھی وہ سب روایات ہی براہ راست ابن جریج سے نقل کر سکتے تھے۔ پھر وہ روایت کرتے ہوئے کبھی یہ بھی کہتے ہیں کہ مجھے صحیح یاد نہیں کہ اصل لفظ یہ تھا یا فلاں۔ اگر انہوں نے خود ہی روایات گھڑی ہیں تو ایسا کرنے کی کیا مجبوری تھی۔ کیونکہ زاخاو، گولڈسیہر وغیرہ کے نزدیک روایات کو گھڑنے کا مقصد تو اپنے نقطۂ نظر کو تقویت پہنچانا تھا اور روایت میں اس قسم کے شک سے تو تقویت نہیں پہنچتی بلکہ معاملہ اور مشتبہ ہو جاتا ہے۔ اسی طرح وہ کبھی بغیر کسی حوالے کے بھی روایت کرتے ہیں یعنی کہتے ہیں کہ مجھے بن فلان کے ایک شخص نے بتایا، یہ مجہول روایات ہیں جن سے کوئی شخص اپنے موقف کو تقویت نہیں پہنچا سکتا۔ پھر وہ کسی راوی سے بہت زیادہ روایت کرتے ہیں اور کسی سے بہت کم۔ پس ثابت ہوا کہ عبدالرزاق نے روایات وضع نہیں کیں۔ اس کے بعد انہوں نے آگے عبدالرزاق کے اساتذہ میں سے ہر ایک سے مروی احادیث کا تجزیہ کیا۔

موٹسکی نے اب یہ دلیل پیش کی کہ اگر عبدالرزاق نے یہ سب روایات خود ہی گھڑ لی ہیں تو ان سب راویوں سے مروی روایات کم وبیش ایک ہی طرح کی ہونی چاہئیں کیونکہ اس صورت میں ان کا حقیقی مصنف ایک ہی ہوگا۔ لیکن اگر یہ سب روایات واقعی انہی لوگوں سے لی گئی ہیں جن سے وہ منسوب ہیں تو ان روایات کی ہیئت اور شکل وصورت میں حسابی فرق ہونا چاہئے۔ چنانچہ انہوں نے جب یہ جائزہ لیا تو یہ صورت سامنے آئی:۔

راوی	اکثر جن لوگوں سے روایت کی گئی ان کی تعداد اور تناسب
1۔معمر بن راشد	2(2528) کل 82 سے زیادہ راوی
2۔ابن جریج	1(39) کل 107 سے زیادہ راوی
3۔سفیان ثوری	0(0) کل 163 سے زیادہ راوی
4۔ابن عیینہ	1(23) کل 41 سے زیادہ راوی
5۔عبدالرزاق	3(22932) کل 94 سے زیادہ راوی

اس سے پتہ چلا کہ عبدالرزاق کے ہر استاد کی روایات بالکل الگ قسم کی ہیں۔ اس تجزیہ کے نتیجہ میں انہوں نے حسابی طور پر یہ بات واضح کی کہ کم از کم عبدالرزاق نے یہ روایات خود نہیں گھڑیں۔ جس کا مطلب یہ ہوا کہ اگر یہ روایات وضعی ہیں تو ان کو بنانے کا عرصہ عبدالرزاق (126 تا 211 ہجری) سے پہلے کا ہے یعنی 150 ہجری سے پہلے۔ اس کے بعد انہوں نے عبدالرزاق کے مآخذ کا تجزیہ کیا اور مثلاً ابن جریج کی روایات کی چھان بین کی۔ اس پر پھر وہی صورت حال سامنے آئی۔

راوی	تناسب
1۔عطاء بن ابی رباح	38.5
2۔5 مکی فقہا	25
3۔5مدنی فقہا	8.1
4۔ابن جریج خود	1
5۔10متفرق علماء	6.9
6۔86مختلف افراد	20.5

اگر ابن جریج نے یہ روایات خود ہی گھڑنی تھیں تو انہیں اس کیلئے 108 مختلف افراد کو استعمال کرنے کی کیا ضرورت تھی؟ چند مشہور لوگوں تک محدود رہنا ہی کافی تھا۔ اسی طرح رجال والوں کے مطابق عطاء ابن جریج کے پہلے استاد تھے اور ایک لمبا عرصہ ان کے استاد رہے، دونوں مکہ میں تھے، پس ابن جریج کا سب سے زیادہ عطاء سے روایات پیش کرنا عین تاریخی حقائق اور عقل کے مطابق ہے۔ اسی طرح انہوں نے ابن جریج کی روایات کا ان کی نوعیت کے اعتبار سے بھی جائزہ لیا مثلاً روایات میں احادیث و آثار کا تناسب، اسانید کا ڈھانچہ (مرسل، مرفوع، مقطوع، مجہول وغیرہ) ذاتی رائے کا استعمال، جواب اور فتاویٰ کا تناسب وغیرہ۔ اس پر ایک مرتبہ پھر یہی ثابت ہوا کہ ابن جریج بلا کم وکاست وہی کچھ بیان کرتے ہیں جو انہوں نے اپنے مآخذ سے سنا ہے۔ اس کے علاوہ تجزیہ سے یہ بھی معلوم ہوا کہ زبانی اور تحریری دونوں طرح یہ روایات ابن جریج تک پہنچی تھیں۔ پس اسلامی روایات جو مصنف عبدالرزاق میں محفوظ ہیں یقیناً 150 ہجری سے پہلے سے تعلق رکھتی ہیں۔

اس کے بعد موٹسکی ابن جریج کے مآخذ کا تجزیہ کرتے ہیں اور مثلاً عطا بن ابی رباح (متوفی 115 ہجری) کی روایات کا مندرجہ بالا تمام اطراف سے جائزہ پیش کرتے ہیں۔ جس پر از سر نو ان روایات کی سچائی ثابت ہوتی ہے۔ چونکہ عطاء بن ابی رباح 115 ہجری میں فوت ہوئے اور انہوں نے جو روایات اپنے شاگردوں ابن جریج وغیرہ کو بتائیں وہ ایک عرصے پر پھیلی ہوئی ہیں اس لئے گویا حسابی طور پر مصنف عبدالرزاق کی روایات 100 ہجری سے پہلے ثابت ہو جاتی ہیں۔ آگے انہوں نے عطاء کے اساتذہ میں حضرت ابن عباس کی روایات کو بھی دیکھا ہے اور بتایا ہے کہ کم از کم بنیادی طور پر ان کا بھی صحیح اور ثقہ ہونا ثابت ہوتا ہے۔

یہاں پر ان کی تحقیق میں سے ہر طبقہ میں سے صرف ایک ایک مثال اور وہ بھی نہایت اختصار کے ساتھ پیش کی گئی ہے، ورنہ موٹسکی نے تمام راویوں کا تجزیہ کیا ہے اور ہر دفعہ روایات میں اپنی ہیئت کے اعتبار سے بالکل مختلف صورت حال سامنے آئی ہے۔ نہ صرف ہر راوی مختلف اور بہت زیادہ لوگوں سے روایت کرتا ہے اور اس کے بنیادی اساتذہ کا تناسب بدلتا رہتا ہے بلکہ ہر جگہ غیر یقینی روایات بھی پائی جاتی ہیں اور مجہول بھی۔ بعض محدث اپنے ہمعصر بلکہ اپنے سے چھوٹے اور کم عمر راویوں سے بھی روایت کرتے ہیں۔ اگر انہوں نے حدیث وضع کرنا ہی تھی تو کسی مشہور اور گزرے ہوئے استاد کی طرف منسوب کرتے ورنہ ماننا پڑے گا کہ ان دور دراز کے محدثوں نے مل کر ایک سوچی سمجھی سازش کے تحت اکٹھے احادیث وضع کی ہیں اور اس سازش کے سب ثبوت مٹا دیئے ہیں اور ایسا ہونا ناممکن ہے۔ غرض جس پہلو سے بھی جائزہ لیا گیا اسلامی روایات کی ثقاہت ثابت ہوئی۔

موٹسکی کے بعد ایک اور جرمن مستشرق گریگور شولر نے بھی ایک بالکل مختلف طریق پر سیرت النبی ﷺ پر اسلامی روایات پر تحقیق کی اور ان کی سچائی ثابت کی۔ (Gregor Schoeler: Charakterund Authentie der Muslimischen Uberlieferung Uber das Leben Mohammads) 1996ء ان کی تحقیق کی بنیاد تنقید متن و اسناد کے اصول پر ہے۔ انہوں نے آغاز نبوت اور واقعۂ افک کی روایات کو جمع کر کے ان کا نہایت باریکی سے اسناد اور متن کا الگ الگ تجزیہ کیا۔ اس تجزیے کی بنا پر وہ بتا سکتے ہیں کہ اصل روایت کس کتاب میں درج ہے اور کس راوی نے کہاں سے اپنی روایت کا کون سا حصہ لیا ہے۔ تمام روایات کا یکجائی جائزہ یہ ثابت کرتا ہے کہ بنیادی روایت کیا تھی اور یہ کہ وہ درست اور ثقہ تھی۔ ان دونوں محققین کے کام کے نتیجہ میں اب مستشرقین میں یہ خیال ایک بار پھر عام ہونا شروع ہو گیا ہے کہ اسلامی روایات کم از کم بنیادی طور پر بالکل درست اور ثقہ ہیں۔ نہ صرف یہ بلکہ قبل از اسلام کی روایات میں سے ایام العرب کی شاعری پر جرمن مستشرق باؤر (Thomas Bauer: Altarbaische Dichtkunst) کی 1992ء کی تحقیق نے اس کے بھی ثقہ ہونے کو ثابت کر دیا ہے۔

ح۔نسرین

میرے ابا جان خان عبدالرزاق خان صاحب

جب سے میں نے ہوش سنبھالا اور اپنے والد کے شفیق سائے کو اپنے اردگرد دیکھا۔ تو ہمیشہ اپنے آپ کو انتہائی خوش قسمت محسوس کیا۔ میرے ابا جان کی زندگی کا ایک ایک لمحہ کھلے ہوئے گلاب کی مانند تھا۔ جس کی خوشبو ان کے ساتھ رہنے والا ہر شخص محسوس کرسکتا تھا۔

میرے پیارے ابا جان 1929ء میں بمقام اجیٹہ ضلع مظفرنگر بھارت میں پیدا ہوئے اور وہیں پرورش پائی۔ جب حضرت مسیح موعود نے دعویٰ کیا تو میرے دادا محترم حاجی شمشیر خان صاحب نے بیعت کرلی۔ میرے والد صاحب نے حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کے ارشاد کے مطابق اپنی زندگی خدمت سلسلہ کیلئے وقف کردی۔ آپ کو قادیان کی سرزمین پر تعلیم حاصل کرنے کا موقع بھی ملا۔ آپ نے اپنی زندگی 1945ء میں وقف کی۔ جب 1947ء میں قیام پاکستان کے وقت آپ قادیان سے ہجرت کرکے لاہور منتقل ہوگئے اور ربوہ کی سرزمین کیلئے پہلا گروپ جو بھجوایا گیا تھا۔ اس میں آپ کو شمولیت کا موقع ملا۔

سلسلہ احمدیہ کے ساتھ والہانہ وابستگی اور عقیدت ان کی شخصیت کا نمایاں ترین پہلو تھی۔ میں نے ہمیشہ ان کو جماعت کے کاموں میں انتہائی انہماک اور دلجمعی کے ساتھ مشغول پایا۔ آپ جماعت کے مختلف عہدوں پر کام کرتے رہے۔ ان کے خیال میں اللہ کی راہ میں مصروف رہنے سے بہتر زندگی کا کوئی اور مصرف نہیں تھا اور اس نصب العین پر وہ اپنی تمام عمر پورے وثوق سے عمل پیرا رہے۔ بچوں کی تربیت کے معاملہ میں ان کا انداز انتہائی مشفق اور دوستانہ تھا۔ بہت پیارے انداز میں ہمیں دین سے روشناس کرواتے اور پھر ان پر عمل پیرا ہونے کی تلقین کرتے۔ جب میں بہت چھوٹی تھی تو ہم سب کو قرآن کریم کی محبت کا درس دیتے۔ نمازوں کی تلقین کرتے۔ خود بلاناغہ تہجد کی نماز ادا کرتے اور نماز باجماعت کی پابندی کرتے اور روزوں کا بہت خیال رکھتے۔ چندہ جات کی ادائیگی بروقت کرتے اور بچوں کو بھی تلقین کرتے۔ سلسلہ کی کتب سے بے پناہ محبت تھی۔ ایک ذخیرہ کتب کا گھر میں موجود تھا۔ پڑھنے کا شوق تھا۔ ہر روز ضرور کتب پڑھتے۔ صبح سویرے تلاوت قرآن کرتے۔

خلافت کے ساتھ ایک گہرا تعلق تھا۔ حضرت مصلح موعود کے واقعات سناتے ان پر عمل پیرا ہونے کی تلقین کرتے۔ لندن اور جرمنی میں بھی گئے خلفاء سے ہمیشہ محبت کی اور اطاعت کا اعلیٰ نمونہ ہمیشہ دکھایا۔ اولاد کو ہمیشہ خلافت کے ساتھ محبت کرنے کی تلقین کی۔ جب جرمنی میں ہمارے پاس آتے تو جماعتی پروگراموں میں خوشی سے شامل ہوتے جرمن لٹریچر اور قرآن کریم جرمن ترجمہ کا تحفہ لوگوں کو دیتے اور خوش ہوتے۔

وقف کی روح کو ہمیشہ مدنظر رکھا۔ سادہ زندگی کو ہمیشہ اپنایا۔ ربوہ کی سرزمین سے بڑی محبت تھی۔ راستہ میں جاتے ہوئے اگر گند نظر آتا تو اٹھا کر دور کردیتے۔ اور دوسروں کو تلقین کرتے کہ ربوہ کو صاف رکھیں۔ عزیز واقارب سے ہمیشہ خندہ پیشانی سے ملتے۔ میری امی جان کے رشتہ داروں سے محبت کرتے۔

اپنی ذاتی زندگی میں ابو جان انتہائی ملنسار، درویش صفت انسان تھے۔ ظاہری نمود و نمائش، ریاکاری ان کو سخت ناپسند تھی۔ بہت مہمان نواز تھے۔ ہمیشہ دل کی گہرائیوں سے مہمان نوازی کرتے۔ ان کی پسند بے حد سادہ تھی۔ مرحوم نے اپنی زندگی میں ایک کتاب بھی تحریر کی تھی۔ جس کا عنوان تھا ”تعمیر مرکز ربوہ کے ابتدائی حالات اور ایمان افروز واقعات“

یہ کتاب بہت ہی سادہ انداز میں لکھی گئی ہے۔ ربوہ کے ابتدائی حالات آسان پیرائے میں لکھے گئے ہیں۔ اس میں ایمان افروز واقعات بھی ہیں۔

آپ بہت سی صفات کے مالک تھے۔ بیماری کے ایام میں بھی ہمارے پاس جرمنی آئے جلسہ سالانہ میں شمولیت کی اور پیارے حضور سے ملاقات کی بہت خوش ہوئے آپ کے چہرے سے خلافت سے محبت کا اظہار نمایاں طور پر نظر آتا تھا۔ واپس آکر ہم سب بہن بھائیوں کو خط تحریر کیے۔ جس میں اولاد کی تربیت کے بارہ میں بار بار ذکر کیا۔ آپ نے ہمیشہ خدا اور رسول کے بتائے ہوئے اصولوں کو اپنایا اور ہمیں بھی تلقین کرتے کہ ہمیشہ اچھا نمونہ دکھاؤ۔ آپ کی وفات کا صدمہ ہم سب کیلئے بڑا صدمہ ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کے درجات بلند کرے اور انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے۔ آمین

8/جنوری کو فالج کا حملہ ہوا جس کی بنا پر آپ 24/ مارچ 2006ء کو اللہ تعالیٰ کے حضور حاضر ہوگئے۔

بلانے والا ہے سب سے پیارا
اسی پہ اے دل تو جاں فدا کر

☆☆☆

بین المذاہب مکالمہ کے لئے چند امور

خورشید ندیم اپنے کالم میں لکھتے ہیں:۔

☆ بین المذاہب مکالمے کا مطلب وحدت ادیان نہیں ہے۔ یہ میرا شعوری احساس ہے کہ دائمی ہدایت کا ایک ہی منبع ہے، جس کا تعین اللہ کے آخری رسول محمد ﷺ نے فرما دیا ہے۔ انسانوں کے پاس اب اس کے سوا کوئی دوسرا راستہ نہیں ہے کہ آپؐ کی طرف رجوع کریں اور مذہبی معاملات میں آپ ہی کی سند کے ساتھ کلام کریں۔ میرا خیال ہے کہ ایک شعوری مسیحی یا یہودی بھی اپنے مذہب کے بارے میں یہی نقطہ نظر رکھتا ہے۔ وحدت ادیان پر اعتقاد کا مطلب یقینی ایمان سے محرومی ہے۔ انسان کو ہمیشہ اس پر آمادہ رہنا چاہئے کہ حق جب بھی اس کے سامنے آئے گا وہ اسے تسلیم کرے گا لیکن وہ جو کچھ آج مان رہا ہے۔ اسے بہر حال یقین اور شعور کے ساتھ ماننا چاہئے۔

☆ میں جب اپنے دین کو واحد صحیح راستہ سمجھتا ہوں تو اس کے نتیجے میں دیگر ادیان کے ماننے والوں کے ساتھ میرا ایک تعلق پیدا ہوتا ہے جو داعی اور مدعو کا ہے۔ یہ میری ذمہ داری ہے کہ میں جس بات کو صحیح سمجھتا ہوں اسے حکمت کے ساتھ اور اچھے اسلوب میں ان تک پہنچاؤں۔ اس کے لئے ضروری ہے کہ میرے دل میں ان کے لئے خیر خواہی ہو اور یہ خواہش موجود ہو کہ وہ کسی دائمی خسارے سے محفوظ رہیں۔ اگر کوئی غیر مسلم میرے خلاف برسرپیکار نہیں ہے تو میرے اور اس کے تعلق کا کوئی عنوان ”دعوت“ کے سوا نہیں ہوسکتا۔ اس کو دنیا سے مٹا دینے یا اسے نقصان پہنچانے کی تمنا تصور دعوت سے متصادم ہے۔

☆ اگر کوئی شخص مسلمان نہیں ہے تو میرے پاس یہ جاننے کا کوئی ذریعہ موجود نہیں کہ اس کا انکار ہٹ دھرمی، عناد یا حسد پر مبنی ہے یا وہ کوئی ایسا عذر رکھتا ہے جسے وہ فیصلے کے دن اپنے رب کے حضور میں پیش کرسکتا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے ایمان کا تعلق دل کے ساتھ ہے اور کوئی انسان دوسرے کے دل کا حال جاننے پر قادر نہیں ہے۔ اب میں اس سے معاملہ کرتے وقت اسے غیر مسلم تو سمجھوں گا لیکن مجھے یہ اختیار حاصل نہیں کہ میں اسے کافر قرار دوں۔ کافر وہ ہے جو جان بوجھ کر حق کا انکار کرے اور اس کا فیصلہ علیم بذات الصدور کرسکتا ہے اور وہ اللہ ہی ہے۔

☆ آج دنیا کی تقسیم کچھ اس طرح ہے کہ کسی ریاست میں مسلمان اکثریت میں ہیں اور کہیں اقلیت میں۔ بطور اکثریت جب مسلمان ایک ریاست کے شہریوں کے لئے کوئی سماجی معاہدہ (Social Contract) ترتیب دیتے ہیں، جسے ہم آئین کہتے ہیں تو اس میں مذہبی بنیادوں پر کوئی امتیاز روا رکھتے ہوئے، انہیں یہ پہلو پیش نظر رکھنا ہوگا کہ ایسے امتیاز کا اطلاق اگر ان پر ایسے معاشروں میں ہو جن کی اکثریت غیر مسلم ہے تو اس پر ان کا ردعمل کیا ہوگا۔

بین المذاہب مکالمے کے لئے مسلمانوں کو اجتماعی سطح پر دو امر کے بارے میں واضح موقف اختیار کرنا ہوگا۔ ایک تو یہ کہ وہ غیر مسلم معاشرے میں تبلیغ و دعوت کے جس حق کے طالب ہیں، کیا وہ یہ حق اپنے ہاں غیر مسلموں کو دینے کے لئے تیار ہیں، دوسرا یہ ہے کہ اگر ایک شخص کسی غیر مسلم معاشرے میں اپنا مذہب چھوڑ کر اسلام قبول کرتا ہے تو اس کے ساتھ جس سلوک کا مطالبہ کرتے ہیں، کیا وہ یہی سلوک اس شخص کے ساتھ کرنے پر آمادہ ہیں جو ایک مسلم معاشرے میں اسلام چھوڑ کر کوئی دوسرا مذہب اختیار کرتا ہے۔ مکالمے کے لئے میں ان دونوں سوالات کو بہت اہم سمجھتا ہوں۔ ان کے جو جوابات ہمارے علماء کی طرف سے دیئے گئے ہیں، وہ بھی میرے سامنے ہیں۔ اگر یہ جوابات اپنے اندر ایسا استدلال رکھتے ہیں جو ایک غیر مسلم ذہن کو مطمئن کرسکے تو ہمیں بطور قوم ان پر اصرار کرنا چاہئے اور اگر ان پر نظر ثانی کی ضرورت ہے تو اہل علم کو ترجیحی بنیادوں پر انہیں اپنا مخاطب بنانا ہوگا۔

☆ پرامن بقائے باہمی کا اصول تسلیم کئے بغیر دوسروں (Others) کے ساتھ کوئی مکالمہ نہیں ہوسکتا۔ کیا ہم غیر مسلموں کے اس حق کو تسلیم کرتے ہیں کہ اگر کسی خطے میں انہیں غلبہ حاصل ہے تو وہ اپنا سیاسی اقتدار قائم رکھ سکتے ہیں اور ہم ان کے اس حق کو تسلیم کرلیں گے الّا اور یہ کہ وہ ہمارے خلاف کسی جارحیت کا ارتکاب کریں؟

☆ مذہبی اختلافات کو علمی سطح پر زیر بحث لانے کی روایت کو زندہ رہنا چاہئے کیونکہ یہ انسانوں کے مجموعی فکری ارتقا کے لئے ضروری ہے۔ اس کا صحیح طریقہ یہ ہوگا کہ یہ مکالمہ ہمیشہ اہل علم ہی کے درمیان ہو۔ عامۃ الناس کی سطح پر ایسے مسائل کو زیر بحث لانا یا اس کے لئے مناظرانہ اسلوب اختیار کرنا کبھی مفید ثابت نہیں ہوا۔ اس لئے اس کی حوصلہ شکنی کرنی چاہئے۔ عوام کی سطح پر ہمیشہ یہی تبلیغ کرنی چاہئے کہ مذہبی تنوع اللہ تعالیٰ کی سکیم کے مطابق ہے اور دوسروں کے ساتھ ہمیں انسانیت کی سطح پر اپنا رشتہ قائم کرنا چاہئے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ بطور انسان ہم جس بات کو اپنا حق سمجھتے ہیں اسے دوسرے کا بھی حق قرار دیں۔ اسی طرح عوامی سطح پر ان عالمی اور فطری اخلاقی اقدار کو فروغ دینا چاہئے جو کم و بیش ہر مذہب میں موجود ہیں۔

(روزنامہ جنگ 17/اکتوبر 2006ء)

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جا رہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 66106 میں

Kanza Uzma Aamer

بنت Abdul Momin Aamer قوم بھٹی پیشہ طالب علم عمر 18 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن جرمنی بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 1-7-06 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/50 یورو ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامۃ Kanza Uzma Aamer گواہ شد نمبر 1 عبدالمومن عامر والد موصیہ گواہ شد نمبر 2 مبشر احمد طاہر ولد محمد عبداللہ

مسل نمبر 66107 میں محمد اکبر

ولد محمد اختر قوم ورک پیشہ کاروبار عمر 38 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن جرمنی بقائمی ہوش وحواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 1-7-05 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/1000 یورو ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد محمد اکبر گواہ شد نمبر 1 محمد صدیق بٹ ولد فضل دین بٹ مرحوم گواہ شد نمبر 2 مشتاق ملک ولد محمد عظیم مرحوم

مسل نمبر 66108 میں عاطف ودود احمد

ولد شیخ رؤف احمد قوم شیخ پیشہ ملازمت عمر 27 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن جرمنی بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 14-4-06 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/1091 یورو ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد عاطف ودود احمد گواہ شد نمبر 1 رؤف احمد ولد امیر علی گواہ شد نمبر 2 ودود احمد ولد شیخ رؤف احمد

مسل نمبر 66109 میں ودود احمد

ولد شیخ رؤف احمد قوم شیخ پیشہ ملازمت عمر 32 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن جرمنی بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 21-4-06 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/1168 یورو ماہوار بصورت Alg II مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد ودود احمد گواہ شد نمبر 1 رؤف احمد گواہ شد نمبر 2 عاطف ودود احمد

مسل نمبر 66110 میں Kasim Dalking

ولد Ali Dalking قوم Kurdiseh Turkis پیشہ ملازمت عمر 31 سال بیعت 2005ء ساکن جرمنی بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 10-6-06 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ مکان واقع جرمنی مالیتی -/65000 یورو۔ 2۔ مکان واقع ترکی مالیتی -/60000 یورو۔ 3۔ پلاٹ واقع ترکی مالیتی -/2500 یورو برقبہ 150x150۔ اس وقت مجھے مبلغ -/1800 یورو ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد Kasim Dalking گواہ شد نمبر 1 حیدر علی ظفر ولد رستم علی مرحوم گواہ شد نمبر 2 ناصر احمد ولد عبدالمجید

مسل نمبر 66111 میں مسرت کوثر

زوجہ عبدالرؤف خان قوم اعوان پیشہ خانہ داری عمر 26 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن جرمنی بقائمی ہوش و حواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 2-6-06 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ طلائی زیور 400 گرام مالیتی اندازاً -/4300 یورو۔ 2۔ حق مہر ادا شدہ -/100000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/100 یورو ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ الامۃ مسرت کوثر گواہ شد نمبر 1 حمید اللہ خان ولد احمد دین گواہ شد نمبر 2 عبدالرؤف خان خاوند موصیہ

مسل نمبر 66112 میں شاہد حسن

ولد حسن لئیق قوم شیخ پیشہ ملازمت عمر 44 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن جرمنی بقائمی ہوش وحواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 1-5-06 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ نقد رقم -/8000 یورو۔ اس وقت مجھے مبلغ -/1900 یورو ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہو گی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد شاہد حسن گواہ شد نمبر 1 اکرام اللہ چیمہ ولد چوہدری شرف دین چیمہ گواہ شد نمبر 2 ملک مشتاق احمد ملک محمد عظیم

مسل نمبر 66113 میں محمد یحییٰ

